09/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ریاست میں اب تک 20.72 میٹرک ٹن دھان کی خریداری ہوئی

لکھنؤ:9/دسمبر 2021

خریف خریداری سال 22-2021 کے تحت ریاست میں کھولے گئے مختلف خریداری مراکز کے توسط سے اب تک 2072809.96 میٹرک ٹن دھان کی خریداری کی گئی ہے۔ اس اسکیم سے 292825 کسانوں کو مستفید کیا گیا ہے نیز ان کے بینک اکاؤنٹ میں 2545.244 کروڑ روپئے کی ادائیگی کی گئی ہے۔

محکمہ غذا و رسد سے موصول اطلاع کے مطابق آج 128477.13 میٹرک ٹن دھان کی خریداری ہوئی ہے۔ دھان خریداری مراکز پر کسانوں کو کسی بھی طرح کی پریشانی نہ ہو، اس کا پورا پورا دھیان رکھتے ہوئے خریداری کی جارہی ہے۔

☆☆☆☆☆